# کیٹرالکائی انجمن امدادی باہمی کا قانون،۱۹۴۲ء
## (قانون نمبر ۶ سال ۱۹۴۲ء)۔

(۲ مارچ سال ۱۹۴۲ء)

ایک قانون.

دفعات.

فہرست.


۱. مختصر نام، وسعت اور لاگو ہونا.

۲. انجمن ہائے امدادی باہمی جس پر قانون ہذا کا نفاذ ہوتا ہے
درج شدہ آغاز قانون ہذا سے پہلے.

۳. انجمن ہائے امدادی باہمی جن پر قانون ہذا لاگو ہوتا ہے رجسٹرڈ ہو اس قانون
کے آغاز کے بعد.

۳.الف انجمن ہائے امدادی باہمی جس پر قانون ہذا لاگو ہوتا ہے جو کہ رجسٹرڈ ہو
وفاقی دارلحکومت میں.

۴. تعیناتی اور اختیارات مرکزی رجسٹرار انجمن ہائے امدادی باہمی.

۵. اس قانون کے تحت مطلوبہ معلومات کی فراہمی میں ناکامی کی سزا.

۶. قوائد وضع کرنے کے مرکزی حکومت کے اختیارات.

# کثیرالکائی انجمن امدادی باہمی کا قانون ۱۹۴۲ء۔

## (قانون نمبر ۶ سال ۱۹۴۲ء)۔

(۲ مارچ سال ۱۹۴۲ء)

قانون جو کہ مہیا کرتا ہے تشکیل، با قاعدگی، لپیٹ انجمن ہائے امدادی باہمی اس مقصد کے ساتھ کے ایک صوبہ تک محدود نہ رہے۔

جبکہ یہ ضروری ہے کہ تشکیل، باقاعدہ اور لپیٹ دی جائیں انجمن ہائے امدادی باہمی کو اس مقصد کے ساتھ تا کہ وہ ایک صوبہ تک محدود نہ رہے۔

اس کو مندرجہ ذیل طرح نافذ کیا جاتا ہیں:۔

**۱۔ مختصر نام، وسعت اور لاگو ہونا۔**

(۱) قانون ہذا کثیر الکائی انجمن ہائے امدادی باہمی قانون کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

(۲) یہ کُل پاکستان میں وسعت پزیر ہے۔

(۳) یہ تمام انجمن ہائے امدادی باہمی پر لاگو ہوتا ہے اس مقصد کے ساتھ کہ ایک صوبہ تک محدود نہ رہے اس قانون کے اغاز سے انجمن ہائے امدادی باہمی قانون ۱۹۱۲ کے تحت، یا کسی اور قانون کے تحت جو کہ انجمن ہائے امدادی باہمی سے متعلق ہو اور کسی صوبہ میں نافذ ہو، اور تمام انجمن ہائے امدادی باہمی اس مقصد کے ساتھ کہ ایک صوبہ تک محدود نہ ہو جو کہ تشکیل دیے جائینگے اس قانون کے نفاذ کے بعد۔

**۲۔ انجمن ہائے امدادی باہمی جس پر قانون ہذا کا نفاذ ہوتا ہے درج شدہ آغاز قانون ہذا سے پہلے۔**

(۱) انجمن امدادی باہمی جس پر قانون ہذا کا نفاذ ہوتا ہے جو کہ کسی صوبہ میں رجسٹرڈ کی گئی ہو قانون کے تحت جو کہ انجمن ہائے امدادی باہمی سے متعلق اس صوبہ میں نافذ ہو کسی دوسرے صوبہ میں جس میں اس کے

مقاصد وسعت پذیر ہو رجسٹرڈ تصور ہو گی اس دوسرے صوبہ میں بجز جو کہ ذیلی دفعات (۲) اور (۳) میں مذکور ہے، رجسٹریشن، کنٹرول اور تحلیل کے مقاصد کیلئے جو کہ انجمن ہائے امدادی باہمی سے متعلق اس صوبے میں جس میں یہ واقعتاً رجسٹرڈ ہو کے قانون کے تحت ہو گا۔

(۲) جہاں کوئی ایسی انجمن امدادی باہمی قائم ہوا اس قانون کے اغاز سے پہلے یا قائم کرتا ہو اس قانون کے اغاز کے بعد کوئی شاخ یا کاروبار کی جگہ صوبہ میں بجز اس صوبہ کے جس میں یہ واقعتاً رجسٹرڈ ہو، یہ کرے گا، چھ مہینے کے اندر اس قانون کے اغاز سے یا اس تاریخ سے جب کوئی شاخ کاروباری جگہ قائم کی جاتی ہے، جو بھی صورت ہو، صوبہ کے انجمن ہائے امدادی باہمی کے رجسٹرار کو جس میں اس قسم کی شاخ یا کاروباری جگہ واقع ہوا اپنے رجسٹرڈ ذیلی قوانین کے نقل مہیا کرے گا، یا کسی بھی وقت اگر وہ مذکورہ رجسٹرار مہیا کرنے کو کہے کوئی بھی رٹرن اور کوئی معلومات جس کو مذکورہ رجسٹرار شاید طلب کرے جو کہ اُسے دی جائے یا مہیا کی جائے اس صوبے میں رجسٹرڈ کوئی انجمن امدادی باہمی۔

(۳) رجسٹرار انجمن ہائے امدادی باہمی صوبے کا جس میں شاخ یا کوئی کاروبار کی جگہ واقع ہو جو کہ ذیلی دفعہ (۲) میں مذکور ہے کوئی بھی اختیار جانچ پڑتال حسابات کا اور انسپیکشن کا استعمال کر سکتا ہے جو کہ وہ استعمال کر سکتا ہے کسی انجمن امدادی باہمی سے متعلق جو کہ واقعتاً اس صوبے میں رجسٹرڈ ہو۔

**۳۔ انجمن ہائے امدادی باہمی جن پر قانون ہٰذا لاگو ہوتا ہے رجسٹرڈ ہوا اس قانون کے آغاز کے بعد۔**

(۱) انجمن کر سکتی تھی، اگر اسکے کے مقاصد ایک صوبہ تک محدود تھے، رجسٹرڈ بطور انجمن امدادی باہمی کسی بھی صوبہ میں قانون کے تحت جو کہ اُس صوبہ میں انجمن ہائے امدادی باہمی سے متعلق لاگو ہے، باوجود اس کے کہ اس کے مقاصد اس صوبہ تک محدود نہ ہو جس میں اس کے مرکزی کاروباری جگہ واقع ہو تصور کی جائیگی رجسٹریشن کے مقاصد کیلئے بطور انجمن امدادی باہمی واقع ہو مکمل طور پر اسی صوبہ میں، اور رجسٹرڈ کی جا سکتی ہے بذریعہ رجسٹرار انجمن ہائے امدادی باہمی اس صوبہ کے قانون کے مطابق جو کہ لاگو ہو اس صوبہ میں انجمن ہائے

امدادی باہمی سے متعلق،اگراس طرح رجسٹر ڈ ہوکسی دوسری صوبہ میں جس تک اس کے مقاصد وسعت پذیر ہے تو سمجھا جائے گا جائز طور پر رجسٹر ڈ اس صوبہ میں قانون کے مطابق جو کہ نافذ ہے انجمن ہائے امدادی باہمی سے متعلق ،لیکن بجز جو کہ مذکور ہے ذیلی دفعات ۲ اور ۳ میں اندراج کنٹرول اور تحلیل کے تمام مقاصد کیلئے ماتحت ہوگی اس قانون کے جو انجمن ہائے امدادی باہمی سے متعلق نافذ ہے وقتی طور اس صوبہ میں جس میں واقعتاً رجسٹر ڈ ہو۔

(۲) جہاں اس قسم کی انجمن امدادی باہمی شاخ یا کاروباری جگہ قائم کرتی ہے ایک صوبہ میں بجز اس صوبہ کے جس میں یہ واقعتاً رجسٹر ڈ ہو، چھ ماہ کے اندر اس قسم کی کاروباری جگہ یا شاخ کے قیام کے تاریخ سے، صوبہ کے رجسٹرار انجمن ہائے امدادی باہمی کو جس میں شاخ یا کاروباری جگہ واقع ہو مہیا کرے گا نقل اس کے درج شدہ ذیلی قوانین کا اور کسی بھی وقت اگر اس کو ایسا کرنے کو کہا جائے بذریعہ رجسٹرار جمع کرنے کوئی بھی گوشوارہ یا مہیا کرنے کا کوئی تفصیل جو کہ ایسا رجسٹرار مہیا کرنے کیلئے کہہ سکتا تھا یا جمع کرنے کیلئے بذریعہ انجمن امدادی باہمی جو کہ واقعتاً رجسٹر ڈ ہوتی اس صوبہ میں۔

(۳) رجسٹرار انجمن ہائے امدادی باہمی صوبہ کا جس میں شاخ یا کاروباری جگہ جیسا کہ حوالہ ہے ذیلی دفعہ (۲) میں واقع ہو اس قسم کی شاخ یا کاروباری جگہ کے بابت کوئی بھی اختیار جانچ پڑتال اور نگرانی کا استعمال کر سکتا ہے جو کہ وہ استعمال کرسکتا تھا انجمن امدادی باہمی کے بابت جو کہ واقعتاً اس صوبہ میں رجسٹر ڈ ہوتی۔

**۳۔الف۔انجمن ہائے امدادی باہمی جس پر قانون ہٰذا لاگو ہوتا ہے جو کہ رجسٹر ڈ ہو وفاقی دارلحکومت میں۔**

(ا) انجمن کرسکتی تھی،اگر اسکے کے مقاصد وفاقی دارلحکومت تک محدود تھے،رجسٹر ڈ بطور انجمن امدادی باہمی وفاقی دارلحکومت میں قانون کے تحت جو کہ وفاقی دارلحکومت میں انجمن ہائے امدادی باہمی سے متعلق لاگو ہے،باوجود اس کے کہ اس کے مقاصد وفاقی دارلحکومت تک محدود نہ ہو جس میں اس کے مرکزی کاروباری جگہ واقع ہو تصور کی جائیگی رجسٹریشن کے مقاصد کیلئے بطور انجمن امدادی باہمی واقع ہو مکمل طور پر وفاقی دارلحکومت ،اور رجسٹر ڈ کی جاسکتی ہے بذریعہ رجسٹرار انجمن ہائے امدادی باہمی وفاقی دارلحکومت کے

قانون کے مطابق جو کہ لاگو ہو وفاقی دارلحکومت میں انجمن ہائے امدادی باہمی سے متعلق، اگر اس طرح رجسٹرڈ ہو کسی وفاقی دارلحکومت میں جس تک اس کے مقاصد وسعت پذیر ہے تو سمجھا جائے گا جائز طور پر رجسٹرڈ وفاقی دارلحکومت قانون کے مطابق جو کہ نافذ ہے انجمن ہائے امدادی باہمی سے متعلق، لیکن بجز جو کہ مذکور ہے ذیلی دفعات ۲ اور ۳ میں رجسٹریشن کنٹرول اور تحلیل کے تمام مقاصد کیلئے ماتحت ہوگی اس قانون کے جو انجمن ہائے امدادی باہمی سے متعلق نافذ ہے وقتی طور وفاقی دارلحکومت میں جس میں واقعتاً رجسٹرڈ ہو، قانون میں حوالہ ''رجسٹرار'' کا سمجھا جائے گا بطور حوالہ مذکورہ رجسٹرار انجمن ہائے امدادی باہمی جو کہ بذریعہ وفاقی حکومت تعینات شدہ ہو۔

(۲) جہاں اس قسم کی انجمن امدادی باہمی شاخ یا کاروباری جگہ قائم کرتی ہے ایک صوبہ میں بجز اس صوبہ کے جس میں یہ واقعتاً رجسٹرڈ ہو، چھ ماہ کے اندر اس قسم کی کاروباری جگہ یا شاخ کے قیام کے تاریخ سے، صوبہ کے رجسٹرار انجمن ہائے امدادی باہمی کو جس میں شاخ یا کاروباری جگہ واقع ہو مہیا کرے گا نقل اس کے درج شدہ ذیلی قوانین کا اور کسی بھی وقت اگر اس کو ایسا کرنے کو کہا جائے بذریعہ رجسٹرار جمع کرنے کوئی بھی گشوارہ یا مہیا کرنے کا کوئی تفصیل جو کہ ایسا رجسٹرار مہیا کرنے کیلئے کہہ سکتا تھا یا جمع کرنے کیلئے بذریعہ انجمن امدادی باہمی جو کہ واقعتاً رجسٹرڈ ہو اس صوبہ میں۔

(۳) رجسٹرار انجمن ہائے امدادی باہمی صوبہ کا جس میں شاخ یا کاروباری جگہ جیسا کہ حوالہ ہے ذیلی دفعہ (۲) میں واقع ہو اس قسم کی شاخ یا کاروباری جگہ کے بابت کوئی بھی اختیار جانچ پڑتال اور نگرانی کا استعمال کر سکتا ہے جو کہ وہ استعمال کر سکتا تھا انجمن امدادی باہمی کے بابت جو کہ واقعتاً اس صوبہ میں رجسٹرڈ ہوتی۔

**۴۔ تعیناتی اور اختیارات مرکزی رجسٹرار انجمن ہائے امدادی باہمی۔**

(۱) مرکزی حکومت، اگر مناسب سمجھے، مرکزی رجسٹرار انجمن ہائے امدادی باہمی، تعینات کر سکتی ہے۔

(۲) مرکزی رجسٹرار انجمن ہائے امدادی باہمی، اگر تعینات ہوا استعمال کرے گا کسی بھی انجمن امدادی باہمی کے نسبت جس پر قانون ہذا لاگو ہوتا ہے، صوبائی رجسٹرار کے اخراج تک، اختیارات اور امور جو کہ استعمال کی جاسکتی ہے بذریعہ رجسٹرار انجمن ہائے امدادی باہمی صوبہ کا جس میں اس قسم کی انجمن واقعتاً رجسٹرڈ ہو۔

**۵۔ اس قانون کے تحت مطلوبہ معلومات کی فراہمی میں ناکامی کی سزا۔**

اگر کوئی انجمن امدادی باہمی معلومات دینے میں جو اسے کہا جائے دینے کیلئے بذریعہ یا زیر ذیلی دفعہ (۲) دفعہ۲ یا ذیلی دفعہ (۲) دفعہ۳، یا پیش کرنے کوئی گوشوارہ امدن جو کہ پیش کرنے کیلئے کہا جائے کسی بھی ان ذیلی دفعات کے تحت، انجمن، کوئی افیسر یا ممبر انجمن کا جو کہ ناکامی کا ذمہ دار ہے، ہر ایک موجب جرمانہ ہوگا، جو کہ پچاس روپے تک ہوسکتی ہے، اور انجمن کا رجسٹریشن، رجسٹرار انجمن ہائے امدادی باہمی صوبہ کا جس میں وہ رجسٹرڈ ہو، کے صوابدید پر منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

**۶۔ قوائد وضع کرنے کے مرکزی حکومت کے اختیارات۔**

مرکزی حکومت، بذریعہ اعلامیہ سرکاری گزٹ، قانون ہذا کے دفعات پر عمل درآمد کے لئے قواعد وضع کر سکتا ہے۔